۱/۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام ذیل مسئلے کے بارے میں کہ جمعہ کا خطبہ سننا واجب ہے تو آج کل جو لوڈ اسپیکر میں جو خطبہ دیا جاتا ہے تو ابھی ان لوگوں کے بارے میں کیا حکم ہے جو کسی عذر کی وجہ سے یا بغیر عذر کے گھروں میں ہیں۔ اور اسیطرح عورتوں کے بارے میں کیا حکم ہے ان پر خطبہ سننا واجب ہے یا نہیں۔

المستفتی:

امداد اللہ۔

درجہ۔ سادسہ۔

۱۷/۹/۲۰۱۳/

الجواب حامداً ومصلیاً

خطبہ سننا ان لوگوں پر واجب ہے، جن پر جمعہ واجب ہے، خواتین پر جمعہ واجب نہیں، لھذا ان کے لئے خطبہ سننا بھی واجب نہیں، اسی طرح جو لوگ معذور ہیں، ان کا بھی یہی حکم ہے، البتہ جو لوگ خطبہ کے دوران کسی عذر کے بغیر گھروں میں بیٹھے ہوں، اور جامع مسجد کی طرف نہیں آتے، وہ ترکِ سعی کی وجہ سے بھی گناہگار ہو رہے ہیں، اور ترکِ خطبہ کی وجہ سے بھی گناہگار ہو رہے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

عصمت اللہ عصمہ اللہ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی ۱۴

۹ محرم الحرام/۱۴۳۵ھ

۱۴ نومبر، ۲۰۱۳ء

الجواب صحیح

مفتی بجامعۃ دارالعلوم کراچی

۹-۱-۱۴۳۵ھ

0211